دی پنجاب سکول، لاہور

سرکلر نمبر: 02/2026　　　　　　　　　　تاریخ: 29 جنوری 2026ء

محترم والدین!

السلام علیکم!

دی پنجاب سکول اپنے طلبہ وطالبات کو معیاری نصابی اور غیر نصابی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتا ہے۔ سکول انتظامیہ اپنے طلبہ وطالبات کو معیاری سوئمنگ کی سہولیات مہیا کرتی ہے۔ سوئمنگ کی سالانہ فیس مبلغ -/5000 روپے ہے جو نا قابلِ واپسی ہوتی ہے اور نئے تعلیمی سال کے آغاز پر یکمشت وصول کی جاتی ہے۔ سکول کی سوئمنگ ٹیم میں منتخب ہونے والے طلبہ کو گرمیوں کی تعطیلات کے دوران بھی سوئمنگ اور کوچنگ کی سہولت مہیا کی جاتی ہے۔ ٹاؤن شپ کیمپس اور خیابانِ جناح کیمپس میں سوئمنگ کلاسز کا انعقاد ہوتا ہے۔ پچھلے سال کی طرح اِس سال بھی واپڈا ٹاؤن، جوہر ٹاؤن اور کوٹ خواجہ سعید کیمپس کے طلبہ وطالبات کو اس سہولت سے مستفید ہونے کا موقع فراہم کیا جا رہا ہے لہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جوہر ٹاؤن، واپڈا ٹاؤن اور کوٹ خواجہ سعید کے وہ طلبہ و طالبات جو سوئمنگ کے خواہشمند ہوں، اپنی آسانی کے پیشِ نظر ٹاون شپ کیمپس یا خیابانِ جناح کیمپس میں سوئمنگ کلاسز میں داخلہ لے سکتے ہیں۔ داخلے کے خواہشمند طلبہ وطالبات نیچے دیا گیا فارم مکمل کرنے کے بعد 10 فروری 2026 تک اپنے ونگ میں جمع کروا دیں۔ آپ کی طرف سے جوابات وصول ہونے کے بعد سوئمنگ ٹائم ٹیبل سے آگاہ کر دیا جائے گا۔

نئے تعلیمی سال کے آغاز سے پہلے سوئمنگ میں داخلہ لینے والے طلبہ وطالبات کی تعداد کے پیشِ نظر ہم سکول ٹائم ٹیبل مرتب کرتے ہیں سوئمنگ کلاسز بروز ہفتہ صبح 8 بجے سے دوپہر 3 بجے تک ہوں گی۔ اس لیے آپ سے درخواست ہے کہ اپنے بچوں کو سوئمنگ کلاس میں داخلہ دلانے یا نہ دلانے سے متعلق فیصلہ سوچ بچار کے بعد کیا کریں تا کہ آپ کو بعد ازاں پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے کیونکہ جمع شدہ فیس نا قابلِ واپسی ہوگی۔ مقررہ تاریخ کے بعد طالب علم یا طالبہ کو سوئمنگ کلاس میں داخلہ نہیں دیا جائے گا۔ سوئمنگ پول کی فیس مارچ 2026ء کے فیس چالان میں درج کر دیا جائے گا۔

نوٹ: بچوں کو سکول لانے اور لے جانے کی ذمہ داری والدین کی ہوگی۔

ہمیں امید ہے کہ آپ اسکول انتظامیہ کے ساتھ تعاون فرمائیں گے۔ شکریہ!

آپ کے تعاون کا متمنی
ایگزیکٹو ڈائریکٹر

وصول کنندہ:
تمام طلبہ طالبات جوہر ٹاؤن، واپڈا ٹاؤن اور کوٹ خواجہ سعید کیمپس

(نوٹ: براہِ مہربانی درج ذیل حصے کو پُر کر کے واپس بھیج دیں)

1۔ میرے بیٹے / میری بیٹی ____________ سٹوڈنٹ نمبر ________ کلاس ________ سیکشن ________ کو ٹاؤن شپ ☐ خیابانِ جناح ☐ میں سوئمنگ کلاس میں داخلہ دیا جائے ہاں ☐ نہیں ☐ ۔ میں بچے/ بچی کے سوئمنگ کلاس چھوڑنے کی صورت میں ادا شدہ فیس کی واپسی کا مطالبہ نہیں کروں گا/ کروں گی۔

تاریخ ________　　　　دستخط والد/ والدہ/ سرپرست: ____________

نام والد/ والدہ/ سرپرست: ____________

فون نمبر گھر: ____________

فون نمبر دفتر: ____________